© rasailojaraid.com

## مولانا اکرام الحق صاحب کو صدمہ

مورخہ 8 جنوری بروز اتوار مولانا اکرام الحق جہلمی صاحب کے بہنوئی وقار محمود کیانی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کے مستقل نمازی تھے۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## حاجی محمد اشرف صاحب کو صدمہ

مورخہ 25 جنوری بروز بدھ حاجی محمد اشرف صاحب (چوہدری جیولرز والے) کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ پرہیزگار اور با اخلاق خاتون تھیں۔

## ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کو صدمہ

مورخہ یکم فروری بروز بدھ ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کے والد گرامی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن کے مستقل نمازی تھے۔ بڑے ہی متقی پرہیزگار اور شب زندہ دار انسان تھے۔ ان کی نماز جنازہ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم




© rasailojaraid.com